4807 ـ ٹیلی فون پر خاوند اوربیوی کی جنسی بات چیت

سوال

کیا خاوند اوربیوی کے لیے جائز ہے کہ وہ ٹیلی فون پر جنسی بات چیت کریں جس سے شہوت میں انگیخت پیدا ہو اور دونوں یا کسی ایک کا انزال ہوجائے (ہاتھ کے استعمال کے بغیر اس لیے کہ یہ حرام ہے) ؟
ایسا ہوتا رہتا ہے اس لیے کہ میرا خاوند ہمیشہ مسافررہتا اورہم چارماہ بعد ہی آپس میں ایک دوسرے کودیکھتے ہیں ۔

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم نے مندرجہ بالا سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا توان کا جواب تھا :

اس میں کوئي حرج والی بات نہیں ایسا کرنا جائز ہے ۔

سوال : ؟

اگرانزال مشت زنی (یعنی ہاتھ استعمال کرنے) سے ہو ؟

جواب : ہاتھ استعمال کرنے میں نظر ہے ، ایسا کرنا جائز نہیں لیکن اگر زناکا ڈر ہوتو ۔

سوال ؟

ہاتھ استعمال کرنے کے بغیر کوئي مانع نہیں ؟

جی ہاں ہاتھ استعمال کرنے کے بغیر کوئي مانع نہیں ، وہ یہ تصور کرے کہ بیوی اس کے ساتھ ہے تواس میں کوئي حرج نہیں ۔ ا ھـ

دونوں کواس پر متنبہ رہنا چاہیے کہ ان کی کلام کوئي اورنہ سن رہا ہو یا پھران کی کوئي جاسوسی نہ کررہا ہو ۔

واللہ تعالی اعلم .